57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز



## اگروال یورکشائر سے جڑیں گے

مینک اگروال بقیہ کاؤنٹی چیمپئن شپ مقابلوں کے لیے یورکشائر کے ساتھ ایک مختصر مدت کے معاہدے پر جڑیں گے۔ سمرسیٹ کے خلاف ۸ ستمبر کو ہونے والے مقابلے سے قبل اگروال کے یورکشائر سے جڑنے کی توقع ہے اور وہ ۲۰۲۵-۲۶ رنجی ٹرافی سیزن کے لیے ہندوستان واپسی سے قبل کُل تین مقابلے کھیلیں گ۔ (تفصیلات اندر)



## بریٹزکی نے نئی تاریخ رقم کی


میتھیو بریٹزکی نے ون ڈے کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کر دی۔ ۲۶ سالہ جنوبی افریقی بیٹر میتھیو بریٹزکی نے اب تک صرف ۵ ون ڈے میچز کھیلے ہیں اور تمام میچز میں ہی ان کی شاندار فارم برقرار رہی۔ جمعرات کو انگلینڈ کے خلاف دوسرے ون ڈے میچ میں میتھیو بریٹزکی نے ایک اور نصف سنچری بنا کر ون ڈے کرکٹ فارمیٹ میں ایک منفرد اعزاز حاصل کرلیا۔ (تفصیلات اندر)

جلد نمبر 57 | Saturday 06th September 2025 | ۶ ستمبر ۲۰۲۵ بروز سنیچروار بمطابق ۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 241 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net

## عیدمیلادالنبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تقریب سعید کے مقدس موقعہ پر

## وزیراعظم، صدر، لیفٹننٹ گورنر اور وزیراعلیٰ کی عوام کو مبارک باد پیش

سرینگر/ وزیراعظم نریندر مودی، صدر ہند، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور جموں کشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے عید میلادالنبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے موقع پر عوام کو مبارک باد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سی این آئی کے مطابق عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریب سعید کے موقعہ پر وزیراعظم نریندر مودی، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور جموں کشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے عوام کو مبارک باد پیش کی ہے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں وزیراعظم مودی نے لکھا ''عید مبارک! میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موقع پر نیک خواہشات۔ ہم آہنگی اور اتحاد ہمیشہ قائم رہے۔ چاروں طرف خوشی اور خوشحالی ہو''۔ اس موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں صدر دروپدی مرمو نے کہا کہ پیغمبر اسلام نے مساوات پر مبنی انسانی معاشرے کی مثال قائم کی۔ "پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یوم ولادت میلاد النبی کے پرمسرت موقع پر میں تمام اہل وطن بالخصوص مسلمان بھائیوں اور بہنوں کو/ 1




## کلاس روم کی سرگرمیوں کے ذریعے دیسی مصنوعات کو فروغ دیا جائے

## یوم اساتذہ کے موقع پر اجتماع سے خطاب کے دوران وزیراعظم کی تجویز



نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیراعظم نریندر مودی نے آن لائن گیمز میں نوجوانوں کی حد سے زیادہ مشغولیت سے پیدا شدہ خدشات کے تحت، آج یومِ اساتذہ کے موقع پر کم عمری سے ہی طلباء میں قومی فخر اور خود انحصاری کے جذبات پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ تکنیکی مہارت کے ساتھ ساتھ ایسی اقدار کی تعلیم بھی دیں جو ہندوستان کی ثقافتی اور اقتصادی روایات پر مبنی ہو۔ اس سلسلے میں، انہوں نے پارلیمنٹ میں حال ہی میں منظور شدہ آن لائن گیمز سے متعلق قوانین کا حوالہ دیا، جن کا مقصد طلباء اور کنبوں کو ان کی لت، مالی استحصال اور پرتشدد مواد سے بچانا ہے یوم اساتذہ کے/ 2

# جموں وکشمیر میں تعلیم کے شعبے میں تبدیلی کا دور/ LG

## اساتذہ مصنوعی ذہانت (AI) کو اپنے طلباء کے مستقبل کی تشکیل میں مدد کیلئے ایک ٹول کے طور پر اپنائیں

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے سرینگر میں 'یوم اساتذہ' کی تقریب سے خطاب کیا۔ اُنہوں نے عظیم ماہر تعلیم اور سابق صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر سروپلی رادھا کرشنن کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور جموں و کشمیر سے آئے ہوئے ایوارڈ یافتہ اَساتذہ کو مُبارک باد دی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اَپنے کلیدی خطاب میں زور دیا کہ تعلیمی نظام کو دیرپا ترقی کے لئے تعلیم پر توجہ دینی چاہیے اور نوجوان نسل میں زِندگی کی باہمی وابستگی کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرنی چاہیے۔ اُنہوں نے کہا،''معاشی ترقی اور ماحولیاتی تحفظ کے درمیان توازن ہی خوشحالی اور سماجی مساوات کی کُنجی ہے۔ ہمارا تعلیمی نظام نوجوانوں کو یہ سکھائے کہ ہمارے قدرتی وسائل محدود ہیں اور ان کا تحفظ ضروری ہے۔'' منوج سِنہا نے مزید کہا کہ،''دنیا میں آفات سماوی میں اِضافہ ہو رہا ہے جس کے نتیجے میں جانوں کی ضیاع، بنیادی ڈھانچے کو نقصان اور سماج متاثر ہو رہا ہے۔ ہمیں وارننگ سسٹم کو بہتر بنانا ہوگا اور اور آفاتِ سماوی اور موسمیاتی لچک کے لئے مقامی آبادی کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔'' اُنہوں نے محکمہ سکولی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کو ہدایت دی کہ وہ ''گرین جموں کشمیر ڈرائیو'' پروگرام کے تحت طالب علموں کو فیلڈ تجربات سے جوڑیں اور نصاب میں مناسب تبدیلیاں لائیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،''ہمیں فطرت کے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ زندگی گزارنے کی قدیم روایت کو بحال کرنا چاہیے۔ ماحولیاتی تبدیلی کو لازمی مضمون کے طور پر پڑھایا جانا چاہیے۔'' اُنہوں نے اَساتذہ پر زور دیا کہ وہ نہ صرف تعلیم دیں بلکہ طلباً میں کردار سازی، سائنسی سوچ، تخلیقیت اور جستجو کا جذبہ بھی پیدا کریں۔ اُنہوں نے کہا،''استاد کو طلباً کو بڑے خواب دیکھنے/ 3



## پانی کی سطح خطرے کے نشان سے نیچے اگلے 72 گھنٹے ''اہم'' / وزیراعلیٰ

## ضروری سامان مغل روڈ کے ذریعے پہنچایا جا رہا ہے جو فی الحال وادی کی عارضی لائف لائن بن گئی ہے

سرینگر/ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے وادیٔ کشمیر میں سیلابی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی جس میں ریسکیو، ریلیف اور بحالی کے اقدامات پر خاص توجہ دی گئی۔ میٹنگ میں نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری، وزیر برائے صحت وطبی تعلیم سکینہ اِیتو، وزیر برائے جل شکتی جاوید احمد رانا اور وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ چیف سیکرٹری اَتل ڈولو، وزیراعلیٰ کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹریز جل شکتی اور زرعی پیداوار، صوبائی کمشنر کشمیر، تمام اِنتظامی سیکرٹریوں، اہم محکموں کے سربراہان، سینئر پولیس اَفسران، کے پی ڈِی سی ایل، کے پی ٹی سی ایل، آئی اینڈ ایف سی، پی ایچ اِی، آر اینڈ بی، بیکن اور سمپرک کے چیف انجینئر ان، ایس ڈِی آر ایف واین ڈِی آر ایف کے کمانڈنٹس، ڈائریکٹر محکمہ موسمیات کشمیر، این ایچ اے آئی جے اینڈ کے کے ریجنل آفیسر، آئی او سی ایل جے اینڈ کے کے سٹیٹ لیول کو آرڈی نیٹر اور دیگر متعلقہ افسران میٹنگ میں موجود تھے جبکہ آؤٹ سٹیشن اَفسران نے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ میٹنگ میں حصہ لیا۔ صوبائی کمشنر کشمیر نے میٹنگ کو سنگم، رام منشی باغ اور اشم میں پانی کی سطح کے بارے میں جانکاری دی اور بتایا کہ پانی کی سطح خطرے کے نشان سے نیچے آچکی ہے۔ اُنہوں نے مزید بتایا کہ آئی اینڈ ایف سی، پولیس اور دیگر محکموں کے اہلکار حساس کناروں پر گشت کر رہے ہیں اور ضرورت کے مطابق ریت کی بوریاں ڈال رہے ہیں۔ شالینا کے متاثرہ دیہات میں بھی پانی اُتر رہا ہے اور بے گھر کنبوں کے لئے ریلیف اقدامات جاری ہیں۔ میٹنگ کو بحالی اقدامات کے بارے میں بتایا گیا کہ پانی کی سپلائی سکیمیں معمول کے مطابق چل رہی ہیں، صرف چند مقامات پر معمولی رکاوٹیں ہیں جبکہ بجلی، ٹیلی کام اور صحت کی خدمات بڑی حد تک متاثر نہیں ہوئیں۔ ضروری سامان مغل روڈ کے ذریعے پہنچایا جا رہا ہے جو فی الحال وادی کی عارضی لائف لائن بن گئی ہے۔ میٹنگ میں مزید جانکاری دی گئی کہ سری نگر۔ جموں نیشنل ہائی وے (این ایچ۔ 44) کل تک بحال ہونے کی توقع ہے جبکہ پھلوں سے لدے ٹرک مرحلہ وار/ 4



## حضرت بل میں پیش آیا واقعہ قابل مذمت/ درخشان اندرابی

## ایکس پر پوسٹ کرنے والے MLA کے خلاف FIR کی مانگ



سرینگر/ کے این ایس/ جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے جمعہ کو درگاہ حضرت بل میں نشان توڑنے والے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے اسے درگاہ اور مسلم کمیونٹی کے جذبات کی سنگین توہین قرار دیا۔ انہوں نے کہا جو لوگ اس میں ملوث ہوں گے ان کے خلاف PSA لگایا جائے جبکہ ٹویٹ کرنے والے ایم ایل کے خلاف کیس درج کی جائے۔ انہوں نے کہا ورنہ میں بھوک ہڑتال شروع کروں گی۔۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق، ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے درگاہ کے احاطے کے اندر ایک پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا جب سے میں چیر پرسن بنی تب سے میں یہ/ 12

## تین ہزار درماندہ گاڑیوں میں 500 میوہ بردار ٹرک شامل

## گاڑیاں قاضی گنڈ اور وانپوہ کے درمیان پھنس کر رہ گئی ہیں/ حکام

سرینگر/ یو این آئی/ سرینگر جموں قومی شاہراہ مسلسل بند رہنے کے باعث تین ہزار سے زائد گاڑیاں، جن میں تقریباً 500 میوہ بردار ٹرک بھی شامل ہیں، درماندہ ہو کر رہ گئے ہیں۔ حکام کے مطابق کئی مقامات پر مٹی کے تودے گر آنے اور سڑک دھنسنے کے باعث یہ اہم شاہرہ دس روز سے مکمل طور بحال نہیں ہو پائی ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ گاڑیاں قاضی گنڈ اور وانپوہ کے درمیان پھنس کر رہ گئی ہیں، تاہم شاہراہ کھلتے ہی میوہ بردار ٹرکوں کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھنے کی اجازت دی جائے گی۔ واضح رہے کہ 26 اگست کو ادھمپور میں شاہراہ کو شدید نقصان پہنچا تھا، جہاں سرمولی سے ادھمپور تک کا دس کلومیٹر حصہ دھنس جانے کی وجہ سے بحالی کا کام سب سے بڑا چیلنج بن گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رامبن۔ بانہال سیکٹر میں ملبہ اور چٹانیں گرنے کے باعث کئی مقامات متاثر ہوئے ہیں۔ اس وقت رامبن۔ بانہال کا اہم حصہ کلیئرنس/ 6

## اساتذہ معاشرے کے اصل رہنما اور حقیقی مشعل راہ ہیں/ سکینہ ایتو

## وزیر تعلیم کی 'یومِ اساتذہ' پر اَساتذہ کمیونٹی کو مُبارک باد پیش

سرینگر/ وزیر برائے تعلیم سکینہ اِیتو نے اساتذہ کمیونٹی کو 'یوم اساتذہ' کی مبارک باد پیش کی ہے جو ہر برس 5 ستمبر کو پورے ملک میں ہندوستان کے دوسرے صدر، ممتاز فلسفی اور ماہر تعلیم ڈاکٹر سروپلی رادھا کرشنن کی یوم پیدائش کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ وزیر موصوفہ نے اَپنے ایک پیغام میں تمام اساتذہ کا دلی شکریہ اَدا کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ معاشرے کے اصل رہنما اور حقیقی مشعل راہ ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اساتذہ ہی ملک کے معمار ہیں جو ہمارے بچوں کو علم، اَقدار اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا ''آپ کی لگن اور اِستقامت ہمارے طلبأ کے خوابوں کی آبیاری اور سب کے لئے ایک روشن مستقبل کی تشکیل میں اِنتہائی اہم کردار ادا کر رہی/ 5



## فلے اوور پر کھڑی گاڑیوں کو چالان کرنے کی خبریں بے بنیاد

## عوام سے درخواست کرتے ہیں کہ ایسی افواہوں پر کان نہ دھریں/ SSP

سرینگر/ سی این آئی/ سیلابی پانی سے گاڑیوں کو بچانے کیلئے فلائی اور دیگر اونچائی والی مقامات پر کھڑی گاڑیوں کو چلان کرنے کی خبروں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے ٹریفک پولیس سرینگر سٹی نے کہا کہ ہم عوام سے درخواست کرتے ہیں کہ ایسی افواہوں پر کان نہ دھریں۔ سی این آئی کے مطابق سرینگر سٹی ٹریفک پولیس نے ان خبروں کی تردید کی کہ سیلاب کے خدشات کے درمیان سرینگر اور دیگر علاقوں میں اونچی جگھوں پر کھڑی گاڑیوں کے چالان جاری کیے گئے ہیں۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے ایس ایس پی ٹریفک سٹی سرینگر اعجاز احمد بٹ نے واضح کیا کہ حفاظتی وجوہات کی بنا پر فلائی اوور اور دیگر بلند مقامات پر کھڑی گاڑیوں کا کوئی چالان جاری نہیں کیا گیا۔/ 7

## کوہ پیمائی کے دوران بیمار پڑے 2 نوجوانوں کو بچایا گیا

## ایک کوہ پیما علاج کے دوران دم توڑ گیا، اہل خانہ سے تعزیت

سرینگر/ سی این آئی کے مطابق فوج نے لداخ میں ایک چوٹی سے ٹریکنگ مہم کے دوران دو شدید بیمار جنوبی کوریائی شہریوں کو بچایا، تاہم ایک کوہ پیما دوران علاج چل بسا۔ فائر اینڈ فیوری کور نے ایکس پر لکھا 4 ستمبر کو کوہ پیمائی کی مہم کے دوران دو جنوبی کوریائی شہری لداخ کی الگ تھلگ چوٹی کونگ مارولا کے قریب شدید بیمار ہو گئے''۔ پوسٹ میں مزید لکھا گیا کہ فائر اینڈ فیوری کور کے آرمی ایوی ایشن کے ہیلی کاپٹروں نے 17000 فٹ کی بلندی پر ایک غیر تیار شدہ جگہ سے ایک رات کے حادثاتی انخلاء کو انجام دیا تا کہ کوہ پیماؤں کو مزید علاج کیلئے اسپتال لیہہ میں بروقت نکالنے کو یقینی بنایا جا سکے۔ فائر اینڈ فیوری کور نے از جاں ہونے والے کوہ پیما کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔

## گاندربل میں منشیات فروش گرفتار، چرس جیسا مواد برآمد/ پولیس

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے وسطی کشمیر کے ضلع گاندربل میں ایک منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کی تحویل سے چرس جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس اسٹیشن کنگن کی ایک پارٹی نے معمول کی گشت کے دوران پرنگ علاقے میں ایک مشتبہ شخص کو روکا۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی کے دوران اس کی تحویل سے چرس جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا گیا جس کے بعد اس کی برسر موقع ہی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ گرفتار شدہ کی شناخت فرہاد خان ولد محمد عارفین خان ساکن گجر پتی پرنگ کے طور پر ہوئی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اس سلسلے میں پولیس اسٹیشن کنگن میں این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ایک کیس زیر ایف آئی آر نمبر 58/2025 درج کیا گیا اور مزید تحقیقات شروع کی گئیں۔

## درنگہ بل میں سڑک پر دراڑیں نمودار، پلوامہ شاہراہ پر ٹریفک بند

## ٹریفک کو سرینگر جموں قومی شاہراہ کی طرف موڑ دیا گیا ہے/ انتظامیہ

سرینگر/ سی این آئی کو نمائندے نے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ جنوبی قصبہ پانپور میں درنگہ بل میں مین سڑک پر دراڑیں پڑ جانے کے بعد ٹریفک کی نقل و حرکت مکمل طور روک دی گئی۔ حکام نے گاڑیوں کی نقل و حرکت کو روکنے کیلئے متاثرہ اسٹریچ پر تیزی سے ریز روائر لگا دیے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ سڑک کے کنارے دیوار کے ایک حصے میں دراڑیں نظر آئیں جس سے مقامی لوگوں میں تشویش پھیل گئی۔ ضلع انتظامیہ نے فوری طور پر سڑک بند کر دی اور ٹریفک کو سرینگر جموں قومی شاہراہ کی طرف موڑ دیا۔/ 8

## وازہ وان کے مقبول عام ''پکوان'' رستہ اور کباب ضبط

## 2 افراد حراست میں لیے گئے، بوسیدہ گوشت ذخیرہ کرنے کا الزام

سرینگر/ صحت عامہ کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے کشمیر پولیس نے گاندربل اور بڈگام اضلاع میں سڑے ہوئے گوشت اور دیگر کھانے پینے کی اشیاء کو ذخیرہ کرنے اور فروخت کرنے کیلئے اسٹاک اور فوڈ سیل پوائنٹس کیخلاف 3 ایف آئی آر درج کئے۔ جے کے این ایس کے مطابق پولیس کے ایک ترجمان نے کہا کہ پولیس کو قابل اعتماد اطلاع ملی کہ ایک شخص کوندابل صفاپورہ میں مبینہ طور پر بوسیدہ اور غیر صحت بخش گوشت منجمد شکل میں فروخت کر رہا ہے، جو کہ انسانی استعمال کیلئے انتہائی غیر موزوں اور غیر محفوظ تھا۔/ 9

## پونچھ میں روڈ ایکسیڈنٹ موٹر سائیکل پر سوار دو بھائی جان بحق

## بڈگام میں سڑک حادثہ میں زخمی شخص زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا

سرینگر/ سی این آئی/ پونچھ کے ایک مضافات میں سڑک کے المناک حادثے نے دو بھائیوں کی جان لی جبکہ بڈگام حادثہ میں زخمی شہری سرینگر کے اسپتال میں دم توڑ گیا۔ سی این آئی کے مطابق پونچھ کی تحصیل حویلی کے نیچ گاؤں میں سڑک حادثے نے دو بھائیوں کی جان لے لی۔ نمائندے نے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب موٹر سائیکل سوار محمد جہانگیر اور شعیب احمد ولد محمد اسحاق ساکنہ مدانہ تحصیل سرنکوٹ حادثہ کا شکار ہو گئے جس سے دونوں شدید زخمی ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں/ 10

## آلودہ پانی اور خوراک ہیضہ، پیچش، ٹائیفائیڈ، ہیپاٹائٹس اے اور ای سمیت کئی امراض کو جنم دے سکتے ہیں

## ایڈوائزری میں کہا گیا ہے پانی صرف ابال کر یا کلورین ملا کر پینا چاہیے، بوتل بند پانی محفوظ ترین آپشن ہے

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر میں جاری سیلابی صورتحال کے پیش نظر محکمہ صحت وطبی تعلیم نے نیشنل ہیلتھ مشن (این ایچ ایم) اور شعبہ کمیونٹی میڈیسن کے اشتراک سے ایک جامع عوامی صحت ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں شہریوں سے احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل کرنے کی اپیل کی گئی ہے تا کہ پانی سے پھیلنے والی بیماریوں اور دیگر وبائی خطرات کو روکا جا سکے۔ ماہرین صحت نے خبردار کیا ہے کہ آلودہ پانی اور خوراک ہیضہ، پیچش، ٹائیفائیڈ، ہیپاٹائٹس اے اور ای سمیت کئی امراض کو جنم دے سکتے ہیں۔ ایڈوائزری کے مطابق صاف پانی تک رسائی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے پانی صرف ابال کر یا کلورین ملا کر پینا چاہیے، بوتل بند پانی محفوظ ترین آپشن ہے۔ اگر پانی گدلا ہو تو پہلے صاف کپڑے سے چھان کر ابالنا ضروری ہے۔ پانی ہمیشہ ڈھکے ہوئے صاف برتنوں میں ذخیرہ کیا جائے اور براہ راست ہاتھ یا گندے برتن اس میں نہ ڈبوئے جائیں۔ 'ڈاکٹروں نے مشورہ دیا ہے کہ صرف تازہ پکا ہوا اور گرم کھانا استعمال کیا جائے۔ کچی سبزیاں، کٹے ہوئے پھل یا کھلا ہوا کھانا بالکل نہ کھایا جائے۔ سیلابی پانی سے متاثرہ خوراک فوراً تلف کر دی جائے اور خشک راشن کو بلندی پر محفوظ رکھا جائے تا کہ آلودگی سے بچا جا سکے۔ ماہرین نے مزید کہا کہ شہری ہاتھوں کی صفائی کا خاص خیال رکھیں، قضائے حاجت کے بعد اور کھانے سے پہلے لازمی صابن اور صاف پانی سے ہاتھ دھوئیں، اور سیلابی پانی میں داخل ہونے سے گریز کریں۔ اگر ناگزیر ہو تو ربڑ کے جوتے پہنیں اور جلد کو اچھی طرح خشک رکھیں تا کہ فنگس نہ لگے۔ ملیریا اور ڈینگی جیسے امراض سے بچاؤ کے لیے مشورہ دیا گیا ہے کہ لوگ مچھر دانیوں کا استعمال کریں، شام کے وقت مکمل کپڑے پہنیں، مچھر بھگانے والی دوائیں استعمال کریں اور گھروں واطراف میں پانی جمع نہ ہونے دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سانپ کے خطرے سے بچنے کی تاکید بھی کی گئی ہے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ ٹھوس کچرا صرف مخصوص مقامات پر پھینکا جائے، پانی کے ذخائر میں کچرا نہ ڈالا جائے، اور اگر بیت الخلاء زیر آب آ جائیں تو عارضی لیٹرینز استعمال کی جائیں۔ ماہرین نے یہ بھی/ 11

